بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
آیاتِ الٰہیہ
برائے
شفائے امراض
Quranic Verses for
Cure of Diseases

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ط

اور ہم قرآن پاک میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں
جو ایمان والوں کے حق میں شفاء اور رحمت ہیں

آیات الٰہیہ
برائے
شفائے امراض

فہرست

﴿ سورة الاخلاص مكية ﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢
لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝٣
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝٤

112

سورۂ اخلاص کے فضائل

1) (300) مرتبہ روزانہ سورۂ اخلاص پڑھنے پر

1 (300) روزیوں کے دروازے کھولے جانا۔

2 (300) تکلیف دور۔

3 تین سو سال کی عبادت کا ثواب۔

4 (50) سال کے گناہ معاف

2 روزانہ (300) دفعہ باوضو پڑھنے سے

(9) نو فائدے حاصل ہوتے ہیں۔

(1) اللہ رب العزت (300) تین سو دروازے غضب کے بند کرے گا مثلاً دشمنی، قہر، فتنہ وغیرہ۔

(2) (300) تین سو دروازے رحمت کے کھولے گا۔

(3) (300) تین سو دروازے رزق کے کھولے گا اللہ تعالیٰ اپنے غیب سے رزق دے گا بغیر محنت کے۔

(4) اللہ پاک اپنے علم سے علم دے گا اپنے صبر سے صبر اور اپنی سمجھ سے سمجھ دے گا۔

(5) (36) چھتیس مرتبہ قرآن شریف ختم کرنے کا ثواب دیگا۔

(6) (50) پچاس سال کے گناہ معاف ہوں گے۔

(7) اللہ پاک جنت میں (20) بیس محل دے گا جو یاقوت، مرجان اور زمرد کے بنے ہوئے ہوں گے۔ ہر محل میں (70,000) ستر ہزار دروازے ہوں گے۔

(8) (2000) دو ہزار رکعت نفل پڑھنے کا ثواب ملے گا۔

(9) جب بھی مریں گے تو جنازے میں (110000) ایک لاکھ دس ہزار فرشتے شمولیت کریں گے۔

بلڈ پریشر کا مریض ہو

FOR BLOOD PRESSURE

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ﴿۱۳۴﴾

(سورۃ آلِ عمران ۔ آیت ۱۳۴) 3

بلڈ پریشر کے مریض اگر اس آیات کو روزانہ 101 مرتبہ پڑھتے رہیں ۔ انشاءاللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

A person who has blood pressure, if he/she reads this ayat (101) times daily, InshaAllah it will certainly benefit.

دل کی تکلیف دور کرنا ہو

TO REMOVE DIFFICULTY FROM THE HEART

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾

(سورۃ الرعد ۔ آیت ۲۸) 13

دل کی تکلیف دور کرنے کے لئے اس آیت کو ۴۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں ۔ انشاء اللہ بیماری دور ہو جائے گی ۔

To remove diffculty from the heart one should read this ayat (41) times and blow in water and then drink. Insha Allah it will be removed.

دل میں گھبراہٹ ہو

UNEASINESS IN THE HEART

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝۲۸

13 (سورۃ الرعد۔ آیت ۲۸)

اگر کسی کے دل میں گھبراہٹ ہو تو اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر سینہ پر دم کرے۔ انشاءاللہ آرام مل جائے گا۔

This ayat should be read three times and blown on the chest. InshaAllah one will feel comfort.

ذیابطیس (شوگر) کا مریض ہو

FOR DIABETES

رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت ۸۰) 17

شوگر کا مریض روزانہ اس آیت کو ۴۱ مرتبہ پڑھے۔ تو انشاء اللہ فائدہ پہنچے گا۔

If a person in diabetic, he should read this ayat (41) times daily, Insha Allah it will certainly be beneficial.

آسیب زدہ ہو

DISTURBED BY AN EVIL SPIRIT

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

(سورۃ ص۔ ایت ۳۴) 38

جس پر آسیب کا خلل ہو اس کے بائیں کان میں یہ آیت ۷ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ آسیب جل جائے گا۔

Whoever is disturbed by an evil spirit then this ayat should be read (7) times in his left ear. InshaAllah the evil spirit will be burnt.

جنات کو دفع کرنا ہو

TO REMOVE JINNAATS

جس مکان میں جنات کا شبہ ہو یا کسی انسان پر جنات کا اثر ہو تو سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی اور سورۂ جن کے شروع کی ۵ آیتیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے چھڑک دیں۔ انشاء اللہ جنات چلے جائیں گے۔

If someone has a doubt whether a house has a jinn (evil spirit) or someone has the effect on a jinn then he/she should read Surah Fatiha. Ayatul-Kursi and the first (5) ayats of Surah Jinn, blow in water and sprinkle it. Insha Allah the jinnaat will go away.

اولاد کی پیدائش سے نا اُمید ہو

NO HOPE OF CHILDREN BEING BORN

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑰ [5] (سورۃ المائدہ۔ آیت، ۱۷)

جو اولاد سے نا امید ہو جائے اس آیت کو ۴۱ دن تک روزانہ ۳۰۰ مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے میاں بیوی آدھا آدھا کھالیا کریں۔ انشاء اللہ ضرور اُمید بر آئے گا۔

Read this ayat (300) times for (41) days and blow on something sweet. The wife and husband should eat half a piece each. InshaAllah their wish will be fulfilled.

حمل ساقط ہو جاتا ہو

MISCARRIAGE

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ 13

(سورۃ الرعد۔ آیت ۸)

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو ابتداء سے لے کر ۹ مہینے تک اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیتی رہے انشاءاللہ اُمید بر آ ءگی۔

If a woman has a miscarriage all the time, then from the beginning her pregnancy till the end she should read this ayat, blow in water and drink it .

نرینہ اولاد کی تمنا ہو

FOR MALE CHILDREN

وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿۱۲﴾

(سورۃ نوح۔ آیت ۱۲، 71)

اگر کسی کی ہاں لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو، صرف لڑکیاں ہوں تو حمل ٹھہرتے ہی ۹ مہینے تک روزانہ ۱۱۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ نرینہ اولاد پیدا ہوگی۔

If someone doesn't have male children but only girls, from the beginning till the end of the (9) months one should read this ayat (111) times everday.

اولاد زندہ نہ رہتی ہو

IF A WOMAN LOSES HER NEW BORN CHILD

وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ

(سورۃ الصّافّات۔ آیت،۷۶) 37

اگر کسی کی اولاد مر جایا کرتی ہو زندہ نہ رہتی ہو یا کسی سخت مصیبت میں مبتلا ہو تو اس آیت کو روزانہ صبح و شام ۱۱ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

If a woman loses loses her child at birth then she should read this (11) times in the morning and evening. InshaAllah it will prove to be beneficial.

لڑکی کی پیدائش کی تمنا ہو

WISH FOR HAVING A BABY GIRL

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝

(سورۃ الرعد ۔ آیت: ۸) 13

جو یہ چاہیں کہ میرے ہاں لڑکی پیدا ہو وہ عورت ۵ مہینے تک اس آیت کو روزانہ ۲۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرلیا کرے ۔ انشاء اللہ ضرور تمنا پوری ہوگی ۔

Whoever wishes to have baby girl, the woman should read this ayat (21) times daily for (5) months and blow on herself. InshaAllah her wish will be fulfilled.

نافرمان اولاد ہو

FOR DISOBEDIENT CHILDREN

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰى وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ؕ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ⑮

(سورۃ الاحقاف ۔ آیت ۱۵) 46

نافرمان اولاد کو فرمانبردار بنانے اور راہِ راست پر لانے کے لئے اس آیت کو ۳ مرتبہ روزانہ پڑھیں انشاءاللہ مفید ثابت ہوگا۔

For making children obedient and on the straight path, one should read the ayat (3) time everyday. InshaAllah it will prove to be beneficial.

ناجائز تعلق ختم کرنا ہو

TO BREAK UNLAWFUL RELATIONSHIP

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

(سورۃ المائدہ۔ آیت ۱۰۰) 5

اگر کسی عورت کا خاوند کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلق رکھتا ہو تو اسے باز رکھنے کے لئے اس آیت کو ۱۱ دن تک ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

If someone's husband is having a wrong relationship with another woman, then to stop him one should read this ayat (141) times for (11) days. Blow on food and feed him.

اولاد کا رشتہ طے نہ ہوتا ہو

HAVING DIFFCULTY IN FINDING THE RIGHT PARTNER FOR YOUR CHILD

وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ۝

(سورۃ الفرقان ۔ آیت ۵۴) 25

جس کے بیٹے یا بیٹی کا عقد نہ ہوتا ہو وہ اس آیت کو ۲۱ دن تک روزانہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

If someone is having diffculty in finding the right partner for their child, one should read this ayat (313) times for (21) days.

برائی میں مبتلا ہو

ENGAGED IN BAD DEEDS

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

2 (سورۃ البقرہ ۔ آیت:۵)

جو دین سے غافل ہو سیدھے راستہ سے بھٹک جائے برے کاموں میں مبتلا ہو جائے تو اس آیت کو ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے ۴۱ دن تک پلائیں ۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی ۔

Whoever is neglectful from their religion or engaged in bad deeds, one should read this ayat (101) times for (41) days and blow in water and drink it.

میاں بیوی میں محبت نہ ہو تو

IF THERE IS NO LOVE BETWEEN HUSBAND AND WIFE

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا
لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

(سورۃ الروم۔ آیت ۲۱) 30

کسی میاں بیوی میں اختلاف ہو آپس میں محبت نہ ہو تو اس آیت کو ۹۹ مرتبہ کسی میٹھی چیز پر تین دن تک پڑھ کر دم کر کے دونوں کو کھلائیں۔ انشاء اللہ دونوں میں محبت و مودّت پیدا ہو جائے گی۔

If there is a disagreement between husband and wife, read this ayat (99) times and blow on a sweet dish for (3) days which should be eaten by both of them. Love will be created between them.

گردے اور پتے میں پتھری ہو

KIDNEY OR PANCREAS PROBLEMS

وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ

(سورۃ البقرہ۔ آیت ۷۴) 2

اگر کسی کے گردے اور پتے میں پتھری ہو تو اس آیت کو ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے روزانہ پلاتے رہیں۔ انشاءاللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

If someone has stones in their kidney/pancreas then one should read this ayat (41) times and blow in water and drink it daily. InshaAllah the difficulty will be removed.

خاندان میں نا اتفاقی ہو تو

DISUNION/ DISAGREEMENT IN THE FAMILY

وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ ﴿۴۷﴾

(سورۃ الحجر۔ آیت ۴۷) 15

جس گھر میں یا خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے پھونک دیں۔ جب تک کامیابی نہ ہو یہ عمل جاری رکھیں۔

In whoever's house the family is having a diagreement, then after every farz namaz one should pray this ayat (11) times and then look towards the sky and blow keep on doing this continously until one succeds.

غائب کو حاضر کرنا ہو
FOR THE RETURN OF A MISSING PERSON

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝

جو کوئی غائب ہو جائے اور اُس کو واپس بلانا چاہیں تو فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان ۱۱ مرتبہ ۴۱ روز تک سورۃ فاتحہ پڑھ کر اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ سے دعا کرتے رہیں۔ انشاءاللہ اُمید پوری ہوگی۔

If someone disappears and you want him to return, between the sunnah and farz of fajr namaz, one should read (11) times surah Fatiha for (41) days. InshaAllah your wish will be fulfilled.

بھاگے ہوئے کو واپس لانا ہو

IN RETURNING A PERSON THAT HAS RUN AWAY

إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ

(سورۃ قصص ۔ آیت ۸۵) 28

جو کوئی بھاگ گیا ہو اسے واپس لانے کے لئے دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیات کو ۱۱۹ مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں انشاءاللہ بھاگا ہوا حاضر ہو جائے گا۔

If some one has run away and one wants them to return back, one should read this ayat 119 times for (40) days after (2) rakats of nafil namaz. InshaAllah the person who has run away will return.

بواسیر کی تکلیف ہو

FOR PILES

(سورۃ الم نشرح اور سورۃ الفیل۔ مکمل سورتیں)

اگر کسی کو بواسیر کی تکلیف ہو تو فجر کی دو سنتوں میں پہلی رکعت میں اَلَمْ نَشْرَحْ (پوری سورت) اور دوسری رکعت میں اَلَمْ تَرَ کَیْفَ (پوری سورت) پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

If someone has piles then in the (2) sunnah rakats of fajr namaz, in the first rakat the Surah Alam Nashrah and the second rakat the Surah Alam Tarakaif should be read. InshaAllah he will be cured.

جادو کا اثر ختم کرنا ہو

TO REMOVE THE EFFECT OF WITCHCRAFT

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى (۶۸)
وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ؕ
اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى (۶۹)

(سورۃ طٰہٰ ۔ آیت ۶۸، ۶۹) 20

اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے اس آیت کو ۱۱ دن تک ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر پھونکا جائے۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔

If someone has a doubt that he has the effect of withcraft on him, then he should read this ayat (100) times for (11) days and blow on himself. InshaAllah it will be removed.

ظالم کو ظلم سے روکنا ہو

TO STOP OPPRESSOR FROM OPPRESSING

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

6 (سورۂ انعام۔ آیت ۴۵،)

جب ظالم کا ظلم نا قابل برداشت ہو جائے تو اس آیت کو ۳ دن تک ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ ظلم دفع ہو جائے گا یہ آیات بڑی جلالی ہے اپنے اوپر ظلم نہ ہوا ہو تو ہرگز نہ پڑھیں، ورنہ نقصان ہو جائے گا۔

When the oppression of an oppressor becomes so much that one can not withstand it, read that ayat (21) times for (3) days. If one is not oppressed do not read this ayat or else one will be harmed.

کسی مصیبت میں مبتلا ہو

AFFLICTED WITH DIFFICULTY

حَسۡبُنَا اللّٰہُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ ﴿۱۷۳﴾

3 (سورۃ آلِ عمران۔ آیت ۱۷۳۰)

جو شخص کسی بلا یا مصیبت میں مبتلا ہو تو اس آیت کو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ اُس کی مصیبت دور ہو جائے گی۔

If someone is afflicted by a difficulty then one should recite this ayat abundantly. InshaAllah it will be removed.

چوری ہوگئی ہو

WHEN SOMETHING IS STOLEN

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ... اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا

86 (مکمل سورت)

جس دروازے سے چوری کا مال گیا ہو اُس دروازہ پر کھڑے ہوکر سورۃ الطراق روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ مال واپس مل جائے گا یا خواب میں چور کا پتہ چل جائے گا۔

Through whichever door the wealth was stolen, one should stand by that door and read the above surah once daily, InshaAllah his wealth will be returned or the stealer will be known in one's dream.

دشمن کا خوف دور کرنا ہو

REMOVE THE FEAR OF AN ENEMY

صُمٌّۢ بُكۡمٌ عُمۡیٌ فَهُمۡ لَا یَرۡجِعُوۡنَ ۝۱۸

(سورۃ البقرۃ۔ آیت ۱۸) 2

کسی دشمن یا موذی جانور کا خوف ہو تو سات مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کریں۔ انشاء اللہ خوف دفع ہو جائے گا۔

If someone fears an enemy or a harmful animal, one should read this ayat (7) times and blow on own's chest. InshaAllah the fear will be removed.

کوئی چیز گم ہوگئی ہو

WHEN SOMETHING IS LOST

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ ۹

(سورۃ آل عمران 3 - آیت ۹)

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے تو باوضو یہ آیت پڑھتے رہیں انشاء اللہ وہ چیز جلد مل جائی گی۔

If someone loses something then he/she shoudl recite this ayat in the state of wuzu. InshaAllah that item will be found very quickly.

رنج وغم دور کرنا ہو

TO RELIEVE WORRY AND GRIEF

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾

(سورۃ المومن ۔ آیت ۴۴) 44

رنج وغم دور کرنے کے اس آیت کو روزانہ ۱۰۱ مرتبہ پڑھتے رہنے سے انشاء اللہ سارے غم دور ہو جائیں گے۔

To relieve worry and grief, one should read this ayat (101) times daily, InshaAllah all grief and worry will be removed.

ایسی بیماری جس پر دوا اثر نہ کرتی ہو

SUCH SICKNESS THAT MEDICINE DON'T CURE

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّىۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ ۝۱۰

(سورۃ القمر۔ آیت: ۱۰) 54

کسی شخص کو ایسی بیماری ہو کہ ڈاکٹر کی سمجھ میں نہ آئے یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو اس آیت کو ۲۱ دن تک روزانہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں پھر پانی پر دم کر کے پلائیں انشاءاللہ مریض شفایاب ہوگا۔

If someone has such a sickness that the doctor doesn't understand what it is and no medicine will cure it, he/she should read this ayat (313) times for (21) days, blow in the sky and thereafter in water and drink it. He will be cured.

لا علاج بیماری ہو

UNCURABLE DISEASE

رَبَّهٗٓ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ﴿۸۳﴾

(سورۃ الانبیاء۔ آیت ۸۳) 21

ایسی بیماری جو سمجھ میں نہ آتی ہو یا لاعلاج بیماری ہو تو مریض خود اس آیت کو کثرت سے پڑھا کرے۔ انشاءاللہ سکون مل جائے گا۔

If someone has such a sickness which can not be cured, then the sick person should read this ayat abundantly. InshaAllah he well be granted tranquility.

آنکھوں کی بینائی کمزور ہو

WEAK EYESIGHT

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿٢٢﴾

(سورۃ قٓ ۔ آیت ۲۲) 50

ہر نماز کے بعد اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائیں انشاءاللہ آنکھوں میں جو نقصان ہو گا وہ ختم ہو جائے گا اور بصارت بڑھ جائے گی۔

After every namaz one should read this ayat three times and then blow on his finger and place it on his eyes. InshaAllah the eyesight will strengthened.

آنکھوں کی بینائی محفوظ رکھنی ہو

TO MAINTAIN YOUR EYESIGHT

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ﴿١﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ﴿٢﴾
لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ﴿٣﴾
تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ﴿٤﴾
سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿٥﴾

97 (سورۃ القدر)

جو شخص وضو کر کے آسمان کی طرف نظر کر کے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ بصارت میں کبھی کمی نہیں آئے گی۔

After making wuzu, a person should look towards the sky and pray this Surah once. InshaAllah his eyesight will never become weak.

بُرے خواب آتے ہوں

BAD DREAMS

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿١﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿٢﴾ الَّذِيٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿٣﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿٤﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٥﴾ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٦﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿٧﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿٨﴾

سورة الم نشرح 94

اگر کسی کو سونے کے بعد خواب میں بڑے بڑے خیالات اور وسوسے آتے ہوں تو الم نشرح کی پوری سورت سونے سے پہلے نو مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشاءاللہ بہت فائدہ ہوگا۔

If a person continously keeps on having bad dreams, one should read this surah (9) times before going to sleep. InshaAllah it will be very beneficial.

امتحان میں کامیابی چاہتے ہو

SUCCESS IN EXAMS

فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۶۲﴾

(سورۃ الانفال ۔ آیت:۶۲) 62

امتحان یا اور کسی کام میں کامیابی کے لئے اس آیت کو جانے سے پہلے ۷ مرتبہ پڑھ لیا کریں ۔ انشاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی ۔

To be successful in exams or any other work, read this ayat (7) times before starting, InshaAllah will be successful.

مقدمہ میں کامیابی چاہتا ہو

TO WIN A COURT CASE

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ۚ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا ﴿٨١﴾

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت ۸۱) **17**

مقدمہ میں کامیابی کے لئے اس آیت کو روزانہ کسی نماز کے بعد ۱۳۳ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ حق پر ہوگا تو انشاء اللہ ضرور کامیاب ہو جائے گا۔

By reading this ayat daily after namaz (133) times. If he is innocent Allah will make him successful.

رزق میں کشادگی مقصود ہو

VASTNESS IN SUBSISTENCE

اَللّٰہُ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ
عِبَادِہٖ وَیَقۡدِرُ لَہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ ۝

(سورۃ العنکبوت ۔ آیت ۶۲) 26

رزق میں کشادگی کے لئے اس آیت کو فجر
کے بعد روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھیں ۔ انشاء اللہ
کامیابی ہوگی۔

Read this ayat (11) times daily after fajr, InshaAllah subsistence will come in aboundance.

بدن پر داغ یا دھبہ ہو

A STAIN OR MARK ON THE BODY

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ؕ

(سورۃ البقرۃ۔آیت:۷۱) 2

کسی کے بدن پر ناسور یا داغ دھبہ ہو تو ۴۱ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دوا پر پھونکے پھر دوا استعمال کرے۔ انشاءاللہ داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

If anyone has a stain or mark on his body, then by reading this ayat (41) times and blowing on the medicine then applying it, it will make these marks / stains go away.

کاروبار میں ترقی چاہتے ہو

TO ACHIEVE SUCCESS IN BUSSINESS

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ﴿٢٦﴾

(سورۃ لقمان۔ آیت: ۲۶) 31

کاروبار میں ترقی کے لئے یا نیا کاروبار شروع کرنا چاہیں تو اس سے پہلے اس آیت کو روزانہ ۱۴۱ مرتبہ پڑھیں۔ انشاءاللہ ضرور برکت ہوگی۔

For success in business or when starting a new business, read this ayat daily (141) times. Allah will grant barkat (blessings) in his business.

قید سے رہائی چاہتے ہو

TO BE FREE FROM IMPRISONMENT

قُلْ اُوْحِیَ .... عَدَدًا ﴿۲۸﴾

71 (سورۃ الجن پوری سورت)

اگر کوئی قید خانہ سے رہائی چاہے تو روزانہ سورۃ جن پڑھ لیا کرے انشاء اللہ باعزت رہائی نصیب ہوگی اور آسیب ہو تو روزانہ ۷ مرتبہ پڑھنے سے آسیب بھاگ جائے گا۔

If a person wants to be freed from prison he should read the above Surah daily. He will be freed with respect. If one is distrubed by an evil spirit, one should read this surah (7) times InshaAllah it will be removed.

چہرہ نورانی بنانا ہو

TO CREATE LIGHT ON THE FACE

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِىْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِىْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ

وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ (۳۵)

(سورۃ النور۔ آیت ۳۵) 24

چہرے پر اور دل میں نور پیدا کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھ کی ہتھیلیوں پر دم کر کے اپنے چہرے اور سینہ پر ہاتھ پھیر لیا کرے۔

To enlighten the face and heart, one should read this ayat ones daily, blow on one's palm and pass on the face and chest.

کسی بھی قسم کا درد ہو

EVERY TYPE OF PAIN

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت:۱۰۵) 17

ہر قسم کے درد کے واسطے درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ بہت جلد درد جاتا رہے گا۔

Place one's hand on the area where it hurts and read this ayat (3) times and blow. InshaAllah this pain will be removed.

غصّہ اور ضِد ختم کرنا ہو

TO REMOVE ANGER AND STUBBORNESS

يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾

(سورۃ الانبیاء۔ آیت: ٦٩) 21

غصہ اور ضد ختم کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ پڑھتے رہیں۔ نیز جس کو تیز بخار ہو اس پر ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔

By reading this ayat daily it will remove anger and stubbornness. For severe fever read this ayat (7) times and blow on the affected person.

رہنے کے لئے مکان نہ ہو

HOMLESSNESS

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ ١٠

(سورۃ الاعراف ۔ آیت ۱۰) 7

اگر کسی کے پاس رہنے کے لئے مکان نہ ہو یا رزق میں تنگی ہو تو اس آیت کو روزانہ ۱۵۱ مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ اس کی برکت سے ضرور کامیابی ملے گی۔

If someone is homeless or has a low level or sustenance, then one should read this ayat (151) times. InshaAllah he will be successful due to the barkat (blessings) of this ayat.

علم میں ترقی چاہتا ہو

INCREASEMENT IN KNOWLEDGE

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾

(سورۃ طٰہٰ۔ آیت ۲۵، ۲۸ تا ۲۸)

20

ترقی علم اور ذہنی کشادگی کے لئے ان آیات کو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ علم میں ترقی ہوگی۔

For increasing the knoweldge and memory, one should read these ayats (21) time daily after fajr namaz. InshaAllah his knowledge will be increased.

زبان میں لکنت ہو

STUTTERING OF THE TONGUE

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوا قَوْلِي ﴿٢٨﴾

(سورۃ طٰہٰ۔ آیت ۲۵ تا ۲۸) 20

اگر کسی کی زبان میں لکنت ہو تو روزانہ ان آیات کو ۳ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ زبان صاف ہو جائے گی۔

If a person is suffering from a stutter he should read these ayats (3) times daily. InshaAllah his stuttering will be removed.

منہ میں چھالے پڑ جاتے ہوں

FOR SPORTS IN THE MOUTH

وَالضُّحٰى ﴿١﴾ وَالَّيْلِ . . . فَحَدِّثْ ﴿١١﴾

(سورۃ الضحیٰ۔ پوری سورت) 93

اگر کسی کے منہ میں چھالے پڑ جائیں یا بدن میں پھنسیاں ہو جائے تو سورۃ والضحیٰ ۴۱ مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبا لے۔ انشاءاللہ راحت ہو جائے گی۔

If one has a rash / spots in his mouth or body then the Surah above should be recited (41) times and blown in sugar which then should be chewed. InshaAllah it will be removed.

لوگوں کی نظروں میں گر گیا ہو

REGARDED LOW IN THE EYES OF OTHER PEOPLE

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

(سورۃ یٰسٓ ۔ آیت ۸۳) 36

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظر سے گر گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اُس کی عزت بحال ہو جائے تو اس آیات کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر روزانہ اپنے اوپر پھونک مارے انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

If someone is regarded low in the eyes of other people and wishes to gain respect, this ayat should be read (11) times daily and blown upon himself.

جائز مراد پوری کرنا ہو

FULFILMENT OF ALL PERMISSABLE WISHES

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ط

27 (سورۃ النمل۔ آیت ۶۲)

تمام قسم کی جائز مراد پوری کرنے کے لئے اس آیت کو روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ چالیس دن تک پڑھیں اس وظیفہ کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔

To fulfill ones permissable wishes, this ayat should be read daily after Esha Namaz (100) times for (40) days. At the beginning and end of this act one should read durood shareef (11) times.

زہریلے جانور نے کاٹا ہو

POISONOUS BITE FROM AN ANIMAL

وَاِذَا بَطَشۡتُمۡ بَطَشۡتُمۡ جَبَّارِيۡنَ ۝١٣٠

26 (سورۃ الشعراء۔ آیت، ۱۳۰)

اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں ۷ مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

If someone is bitten by a poisonous animal, on the bitten area he should make the finger go around and in one breath read this ayat (7) times and blow. InshaAllah it will be cure.

بدہضمی ہوگئی ہو

INDIGESTION

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۘ﴿۱۰۵﴾

(سورۃ بنی اسرائیل۔ آیت ۱۰۵) 17

اگر کسی کو بدہضمی ہوجائے تو اس آیت کو کھانا کھانے کے بعد ۷ مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے کھالیں انشاءاللہ بدہضمی دور ہوجائے گی۔

After eating, this ayat should be read (7) times and blown on salt and eaten. InshaAllah it will be removed.

بھوک نہ لگتی ہو

IF SOMEONE IS NEVER HUNGRY

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾

(سورۃ النور۔ آیت ۱۰) **24**

اگر کسی کو بھوک نہ لگتی ہو تو اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

If someone has lost his appetite he should read this ayat (21) times and blow in water and drink it. InshaAllah it will be beneficial.

سر میں درد ہو

FOR HEADACHE

لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ ﴿١٩﴾

(سورۃ الواقعہ 56 - آیت ۱۹)

جس کو دردِ سر ہو اس آیت کو ۳ مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کرے ۔ انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

Whoever suffers from a headahce should read this ayat (3) times. InshaAllah the pain will go away.

ناف ٹل گئی ہو

NAVEL HAS MOVED

ذٰلِكَ تَخۡفِيۡفٌ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ وَرَحۡمَةٌ ؕ

(سورۃ البقرہ 2۔ آیت ۱۷۸)

جس کسی کی ناف ٹل گئی ہو اس آیت کو لکھ کر ناف پر باندھے انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

When someone's naval has moved, one should write this ayat and tie it around the navel. InshaAllah will be cured.

نظر لگ گئی ہو

FOR THE EVIL EYE (NAZAR)

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ (۵۱)

وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (۵۲)

68 (سورۃ القلم ۔ آیت ۵۱،۵۲)

کسی کو نظر لگ جائے چاہے کتنی سخت ہو اس آیت کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

If someone has the evil eye, one should read this ayat (11) times and should be blown on the person. InshaAllah he will be cured.

معدہ کمزور ہو گیا ہو

WEAKNESS OF THE STOMACH

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝

لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ فِیْهَا

بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۛ هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

97 (سورۃ القدر)

کسی کے معدہ میں اگر کمزوری ہو تو سورۃ القدر کو ۱۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائیں دن میں ۳ مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پلائیں اسی طرح سات دن تک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ شکایت دور ہو جائے گی۔

If someone has a weakness in his stomach then one should read the above surah (11) times and blow in water and make the affected person drink it 3 times a day. This should be done for (7) days. InshaAllah he will be cured.

پیٹ میں درد ہو

STOMACH-ACHE

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ﴿٤٧﴾

(سورة الصّٰفّٰت۔ 37 آیت، ۴۷)

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس آیت کو ۵ مرتبہ پڑھ کر پیٹ پر دم کریں۔ انشاء اللہ پیٹ کا درد جاتا رہے گا۔

If someone has a stomach-ache, then one shoudl read this ayat (5) times and blow on the stomach. InshaAllah the pain will be removed.

جگر میں درد ہو

PAIN IN THE LIVER

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِی الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ

(سورۃ الرحمٰن ۔ آیت ۷۸) 55

جگر کی تمام بیماریوں کے لئے اس آیت کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پائیں انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

Any sickness of the liver can be cured by reading this ayat (21) times and blowing in water and then drinking it. InshaAllah the pain will go away.

دانت میں درد ہو

TOOTH-ACHE

هُوَ الَّذِیْۤ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۲۳

(سورۃ الملک۔ آیت ۲۳) 67

جس دانت یا داڑھ میں درد ہو اس کو انگلی سے دبا کر یہ آیت ساتھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ درد ختم ہو جائے گا۔

A person who has a tooth-ache should press his/her finger on the tooth and read this ayat (7) times, InshaAllah the pain will go away.

کان میں درد ہو

EARC-ACHE

كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

31 (سورۃ لقمان ۔ آیت ، ۷)

جس کے کان میں درد ہو اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر کان میں دم کرنے سے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔

A person who has an ear-ache should read this ayat (7) times and blow in the ear. InshaAllah the pain will go away.

خواب میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار مقصود ہو

TO SEE THE PROPHET (Sallallahu Alaihi wa Sallam) IN YOUR DREAMS

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَٰئِكَتَهُۥ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ ۚ يَٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ صَلُّوا۟ عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا۟ تَسْلِيمًا ﴿٥٦﴾

(سورۃ الاحزاب۔ آیت ۵۶) 33

جو شخص یہ چاہے کہ نبی پاک حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہو وہ اس آیت کو رات کو سونے سے پہلے ۷ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ ضرور تمنا پوری ہو گی

If someone wishes to see the prophet (Sallallahu " Alaihi wa Sallam) in his dream, he should read this ayat (7) time before going to sleep InshaAllah his wish will be fulfilled.

نمازِ حاجت کا طریقہ اور دعائے حاجت

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو کوئی حاجت اور ضرورت ہو اللہ تبارک وتعالیٰ سے متعلق یا کسی آدمی سے متعلق (یعنی ایسی ہو جس کا تعلق براہ راست اللہ تبارک وتعالیٰ سے ہو کسی بندے سے اس کا واسطہ ہی نہ ہو، یا ایسا معاملہ ہو کہ بظاہر اس کا تعلق کسی بندے سے ہو، بہرحال) اس کو چاہئے کہ وہ وضو کرے اور خوب اچھا وضو کرے، اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے، اس کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ کی کچھ حمد وثنا کرے اور اس کے نبی (علیہ الصلوٰۃ والسلام) پر درود پڑھے، پھر اللہ تبارک وتعالیٰ کے حضور میں اس طرح عرض کرے:

آیاتِ الٰہیہ

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ، اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ ، وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ ، وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ ، لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

(جامع ترمذی جلد ۱، صفحہ ۱۰۸)

''اللہ تبارک وتعالیٰ کے سوا کوئی مالک ومعبود نہیں، وہ بڑے حلم والا اور بڑا کریم ہے، پاک اور مقدس ہے، وہ اللہ تبارک وتعالیٰ جو عرشِ عظیم کا بھی رب اور مالک ہے، ساری حمد وستائش اس اللہ تبارک وتعالیٰ کے لئے جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ان اعمال اور ان اخلاق و احوال کا جو تیری رحمت کا موجب اور

70

وسیلہ اور تیری مغفرت اور بخشش کا پکا ذریعہ بنیں اور
تجھ سے طالب ہوں ہر نیکی سے فائدہ اٹھانے اور
حصہ لینے کا اور ہر گناہ اور معصیت سے سلامتی اور
حفاظت کا۔ خداوندا! میرے سارے ہی گناہ بخش
دے اور میری ہر فکر اور پریشانی دور کر دے اور میری
ہر حاجت جس سے تو راضی ہو اس کو پورا فرما دے۔
اے سب مہربانوں سے بڑے مہربان!

☆☆☆☆☆☆

آیۃ الکرسی

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے اسے جنت میں داخل ہونے سے کوئی چیز مانع نہیں یعنی مرتے ہی جنت میں داخل ہوگا۔ (بیہقی، شعب الایمان)

اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَابَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

جادو سے بچنے کی احتیاطی تدابیر

مدینہ منورہ کی عجوہ کھجور کے سات دانے صبح نہار منہ کھالیں ، اگر مدینہ کی عجوہ کھجور نہ ملے تو کسی بھی شہر کی عجوہ کھجور استعمال کر سکتے ہیں، حدیث نبوی میں آتا ہے۔

"جو شخص عجوہ کھجور کے سات دانے صبح کے وقت کھالیتا ہے اسے زہر اور جادوں کی وجہ سے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا"۔ (بخاری جلد ۲، صفحہ ۸۵۹)

دوسری احتیاطی تدبیر وضو، کیوں کہ باوضو مسلمان پر جادو اثر انداز نہیں ہو سکتا اور وہ فرشتوں کی حفاظت میں رات گزارتا ہے، ایک فرشتہ اس کے ساتھ رہتا ہے اور وہ جب بھی کروٹ بدلتا ہے فرشتہ اس کے حق میں دعاء کرتے ہوئے کہتا ہے، اے اللہ! اپنے اس بندے کو معاف کردے کیوں کہ اس نے طہارت کی حالت میں

رات گزاری ہے۔

(مجمع الزوائد جلد ۱ صفحہ ۳۱۲، رقم ۱۱۴۶)

مَردوں کے لئے باجماعت نماز کی پابندی، جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی پابندی کی وجہ سے انسان شیطان سے محفوظ ہو جاتا ہے اور اس سلسلے میں سستی برتنے کی وجہ سے شیطان اس پر غالب آجاتا ہے اور جب وہ غالب آجاتا ہے تو اس میں داخل بھی ہو سکتا ہے اور اس پر جادو بھی کر سکتا ہے۔ رسول اکرم ﷺ کا فرمان ہے: ''کسی بستی میں جب تین آدمی موجود ہوں اور وہ باجماعت نماز ادا نہ کریں تو شیطان ان پر غالب آجاتا ہے، سو تم جماعت کے ساتھ رہا کرو، کیونکہ بھیڑیا اسی بکری کا شکار کرتا ہے جو ریوڑ سے الگ ہو جاتی ہے۔

(الترغیب والترھیب جلد ۱ صفحہ ۱۶۶)

قیام اللیل: (یعنی رات کو اللہ تبارک وتعالیٰ کی عبادت کرنا) جو شخص جادو کے اثر سے بچنے کے لئے قلعہ

بند ہوتا چاہے اسے قیامِ لیل ضرور کرنا چاہئے، کیوں کہ اس میں کوتاہی کر کے انسان خود بخود اپنے اوپر شیطان کو مسلط کرلیتا ہے، اور اس کے مسلط ہونے کی صورت میں اس کے لئے جادو کا راستہ ہموار ہو جاتا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک ایسے شخص کا ذکر کیا گیا جو صبح ہونے تک سویا رہتا ہے اور قیام لیل کے لئے بیدار نہیں ہوتا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اس کے کانوں میں شیطان پیشاب کر جاتا ہے۔''

(الترغیب و والترھیب جلد ۱ صفحہ ۲۵۰)

اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں ''جو شخص وتر پڑھے بغیر صبح کرتا ہے اس کے سر پر ستر ہاتھ لمبی رسی کا بوجھ بڑھ جاتا ہے۔ (فتح الباری جلد ۳، صفحہ ۲۵)

بیت الخلاء میں جاتے ہوئے اس کی دعا پڑھنے

ناپاک جگہ پر شیطان کا گھر اور ٹھکانہ ہوتا ہے، اسلئے اس میں کسی

مسلمان کی موجودگی کو شیطان غنیمت تصور کرتے ہیں،
اور ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مجھے خود ایک شیطان جن
نے بتایا تھا کہ وہ ایک شخص میں داخل ہو جانے میں
کامیاب ہو گیا تھا جب اس نے بیت الخلاء میں جاتے
ہوئے دخول خلا کی دعاء نہیں پڑھی تھی، ایک اور جن نے
بتایا تھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمہیں ایک طاقت اور
اسلحہ عطا کیا ہے جس کے ذریعہ تم ہمارا خاتمہ کر سکتے ہو،
میں نے کہا: وہ کیا ہے؟ تو اس نے جواباً کہا کہ وہ مسنون
اذکار ہیں۔

اور رسول اللہ اکرم ﷺ یہ ثابت ہے کہ آپ ﷺ
بیت الخلا میں جاتے ہوئے یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ۔

مختصر وظائف

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ.

ترجمہ: اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور قائم رہنے والے تیری رحمت کے ساتھ فریاد چاہتا ہوں۔

فضیلت: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو کوئی غم یا فکر ہوتی تو آپ ﷺ یہ پڑھا کرتے تھے۔ خصوصاً فجر کی سنت اور فرض کے بیچ میں چالیس مرتبہ پڑھنے سے ہر طرح کے غم اور مصیبت سے نجات ملنے کے لئے اکسیر ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِی لَا اِلٰـہَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ.

ترجمہ: میں بخشش چاہتا ہوں اللہ سے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں تو ہی زندہ ہے ہمیشہ رہنے والا ہے اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں۔

خصوصیات: جو اس کو پڑھے گا اس کے سب گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔ اور مزید حدیث میں یہ مضمون بھی وارد ہوا ہے کہ جو شخص فجر اور عصر کے بعد تین تین بار پڑھے گا تو اس کے سب گناہ معاف کردیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ
تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

ترجمہ: میرے لئے اللہ کافی ہے اس کے سوا کسی کی بندگی نہیں میں نے اس پر بھروسہ کیا اور وہ بڑے عرش کا مالک ہے۔

خاصیت : حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق جو شخص ہمیشہ صبح و شام سات مرتبہ پڑھے گا تو دنیا و مافیہا کے تمام غموں سے اللہ تعالیٰ نجات بخشے گا۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ

اللہ ہمارے لئے کافی اور کارساز ہے

فضیلت: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق جو شخص اس آیتِ کریمہ کو روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے گا تو دنیا اور آخرت کی تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

دوسری روایت

اس آیت کریمہ کے پڑھنے والے کو اونچائی سے گرنے اور آگ میں جلنے سے اور پانی میں ڈوبنے سے اللہ تعالیٰ محفوظ فرمالیتا ہے۔

تصدیق نامہ

شیخ الحدیث مفتی محمد نعیم

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے مکتب بنوریہ العالمیہ کی کتاب آیات الٰہیہ برائے شفائے امراض کو بغور پڑھا ہے۔ اس میں کوئی غلطی نہیں ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

دستخط محمد نعیم